تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

December 29, 2023

جامعہ ملیہ اسلامیہ کی فیکلٹی آف ہیومنیٹیز کے طلبا نے 'ترقی یافتہ بھارت ایٹ دی ریٹ دو ہزار سینتالیس' کے وژن سے متعلق اپنے افکار وتصورات کا اظہار کیا

'ترقی یافتہ بھارت ایٹ دی ریٹ دو ہزار سینتالیس' مہم کے حصے کے طور پر جامعہ ملیہ اسلامیہ کی فیکلٹی آف ہیومنیٹیز کے طلبا نے یونیورسٹی کے ایف ٹی کے سینٹر فار انفارمیشن ٹکنالوجی میں قائم کردہ تصورات کے اظہار کے لیے مقرر کردہ مخصوص جگہ پر جا کر ترقی یافتہ بھارت ایٹ دی ریٹ دو ہزار سینتالیس کے وژن کے حوالے سے اپنے افکار وتصورات پیش کیے۔ پروگرام میں کل اٹھارہ طلبا نے حصہ لیا ان کے ہمراہ دو فیکلٹی اراکین بھی تھے جو ترقی یافتہ بھارت کے مقصد کے حصول کے سلسلے میں نئے اذہان کے تصورات کی وضاحت کے لیے مذاکراتی سیشن کی غرض سے آئے تھے۔

طلبا کے افکار وخیالات کا ماحصل دو ہزار سینتالیس تک جامع اور ہمہ جت ترقی یافتہ ہندوستان تھا۔واضح ہو کہ دو ہزار سینتالیس کو مادر وطن کی آزادی کے سو سال بھی پورے ہو رہے ہیں۔طلبا کے پیش کردہ تصورات وخیالات کے دائرے میں بشمول ماحولیاتی ترقی کی برقرار کے ہندوستان کی تہذیبی وجذباتی وراثت کے استحکام اور سماجی ارتباط کی مضبوطی کے ساتھ ترقی کے جملہ پہلوؤں کا احاطہ شامل تھا۔

اعلی معیاری تعلیم کے فروغ کے ساتھ مجموعی پیداوار ترقی افزائش، انسانی فروغ کے اشاریے، خواندگی کی شرح کی بہتری اور ناخواندگی کے خاتمے کے ساتھ ہمہ جہت ترقی وخوش حالی کے لیے بروئے کار لائے جانے والے طریقوں پر طلبا نے زور دیا۔ انھوں نے زراعت، تعلیم، صحت، ٹکنالوجی، سائنس، انجینرنگ، ادویہ سازی، دفاع، روبوٹک اور مصنوعی ذہانت وغیرہ کے میدانوں میں تحقیق کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ملک میں بنیادی ڈھانچے میں غیر معمولی بہتری کے ساتھ دیسی ترقی یافتہ تکنیک کے استعمال سے صنعتی اور زراعتی انقلاب کی اہمیت پر بھی طلبا کا زور تھا۔

اس موقع پر جن طلبا نے اپنے افکار وتصورات پیش کیے ان میں شاہ نواز اور جویریہ عبداللہ، بی اے (آنرز) شعبہ اسلامیات، سید ساشا آفاق اور کائنات فاطمہ بی۔اے (آنرز) انگریزی، پلکت دیکشت اور آرادھیہ سنگھ بی۔اے (آنرز) فرنچ زبان مطالعات، محمد سادان بی۔اے (آنرز) اردو، سید محمود الرحمٰن حسینی ایم۔اے۔اردو، محمد شاداب قمر اور تنویر احمد، ایم۔اے عربی، رامانند کمار اور آکانشا کماری ایم اے ماس میڈیا ہندی، یاسمین فردوس، محمد افضل زیدی فارسی میں پی ایچ ڈی کے اسکالر، ہروشی

کیش پردھان اور بسواجیت مہتو، سنسکرت میں پی ایچ ڈی کے اسکالر اور محمد اظہرالحق ملک اور کشیتج کمار تاریخ میں پی ایچ ڈی کے اسکالر شامل ہیں۔

ان طلبا کے ہمراہ شعبہ خارجی السنہ کے ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد فیض اللہ خان اور شعبہ ہندی کے ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر مکیش کمار میروتھا تھے۔ ’ترقی یافتہ بھارت ایٹ دی ریٹ دو ہزار سینتالیس‘ کے وژن کے حصول کے تئیں طلبا نے پرجوش اعتماد اور امید کا اظہار کیا۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی